## دنیا کے ہر مذہب میں امن، شانتی اور بھائی چارے کا درس ملتا ہے، الطاف حسین

## ہندو برادری کے مذہبی تہوار ''دیوالی'' پر الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔27، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کو ان کے مذہبی تہوار دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دنیا کے ہر مذہب میں امن، شانتی اور بھائی چارے کا درس ملتا ہے اور تمام مذاہب احترام انسانیت کا درس دیتے ہیں اور ضرورت اس بات کہ ہے کہ تمام مذاہب کے ماننے والے ایک دوسرے کے عقائد اور عبادت گاہوں کا احترام کرتے ہوئے جیو اور جینے دو کی پالیسی پر عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ عید، دیوالی، بیساکھی، کرسمس، نوروز اور دیگر مذہبی تہوار خوشیوں کا پیغام لاتے ہیں اور ایم کیو ایم پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کی خوشی میں برابر کی شریک ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کو برابر کا پاکستانی تسلیم کیا جائے اور مذہب کی تفریق کی بنیاد پر ان کے ساتھ کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک نہ کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے ہندو برادری کو ان کے مذہبی تہوار دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کرتے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو درپیش بحرانوں سے نجات دلائے، ملک بھر میں بسنے والے پاکستانیوں کو خوشی، امن، سلامتی اور شانتی سے زندگی گزارنے کا موقع ملے اور ملک سے مذہبی انتہاء پسندی کا خاتمہ ہو۔ جناب الطاف حسین نے ہندو برادری سے اپیل کی کہ وہ دیوالی کے موقع پر اپنی عبادات میں پاکستان کی ترقی، ملک بھر کے عوام کی خوشحالی اور ایم کیو ایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیو ایم نیو کراچی کے کارکن لیاقت علی کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔27، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-143 کے کارکن لیاقت علی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ لیاقت علی شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کی متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔28 اکتوبر 2008ء۔۔۔وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور ان سے ملک میں امن وامان، دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں اور مجموعی صورتحال پر بات چیت کی۔مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو قبائلی علاقوں میں جاری کامیاب کارروائیوں، لوئی سم میں دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے تباہ کرنے اور دیگر کارروائیوں سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائی پر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک اور سیکورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیو ایم نیو کراچی کے کارکن لیاقت علی کو شہید کردیا

کراچی۔۔۔27، اکتوبر 2008ء۔۔۔مسلح دہشت گردوں نے نیو کراچی کے علاقے میں فائرنگ کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے کارکن لیاقت علی کو شہید کردیا۔(انا للہ وانا الیہ راجعون) تفصیلات کے مطابق پیر کے روز ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-143 کے کارکن لیاقت علی شہید نیو کراچی الیون جی میں واقع اپنی درزی کی دکان پر بیٹھے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کردی۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے لیاقت علی شدید زخمی ہوگئے۔انہیں فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں ہی شہید ہوگئے۔لیاقت علی کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی نیو کراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد ذوالفقار، ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، علاقائی ذمہ داران، کارکنان اور شہید کے عزیز واقارب اسپتال پہنچ گئے۔اس موقع پر انتہائی رقت انگیز مناظر دیکھنے میں آئے۔شدت غم سے نڈھال ایم کیو ایم کے کارکنان اور شہید کے عزیز واقارب پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے۔موقع پر موجود ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے شدت غم سے نڈھال ایم کیو ایم کے کارکنان اور شہید کے عزیز واقارب کو دلاسہ دیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔واضح رہے کہ گزشتہ دنوں نیو کراچی، لائنز ایریا، شاہ فیصل کالونی اور شہر کے دیگر علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم کے متعدد کارکنان وہمدرد شہید وزخمی ہوچکے ہیں۔

## ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر کے کارکن لیاقت علی کا بہیمانہ قتل کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔27، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-143 کے کارکن لیاقت علی

کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے واقعات کوشہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا تسلسل قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ دنوں ایک فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے نیوکراچی اور لائنز ایریا میں ایم کیوایم کے کارکنان محمد دانش اور محمد فاروق شہید کئے جاچکے ہیں جبکہ شہر کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے متعدد کارکنان وہمدردوں کوزخمی کیاجاچکا ہے اور مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم نیوکراچی کے کارکن لیاقت علی کی ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کرشہید کردیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان وہمدردوں کی شہادت اورانہیں زخمی کرنے کے واقعات کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی سازشوں کا تسلسل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کرشہر کا امن غارت کرنے کی سازشوں کوناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکن لیاقت علی کے بہیمانہ قتل کا سخت سے نوٹس لیاجائے،ایم کیوایم کے کارکنان کےقتل کی وارداتوں میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتارکرکےانہیں قانون کےمطابق سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے لیاقت علی شہید کےسوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہارکرتے ہوئےانہیں صبرکی تلقین کی۔

## ایم کیوایم بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی اورکارکنان نے کوئٹہ بم دھماکے کے بعدامدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا،زخمیوں کیلئے خون کےعطیات دیئے

کوئٹہ۔۔۔27،اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اورکارکنان سٹی ناظم کوئٹہ کے دفتر کے باہر بم دھماکے کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوعہ پرپہنچ کرامدادی سرگرمیوں میں حصہ لیااورزخمیوں کواسپتال پہنچایا۔انہوں نے سول اسپتال کوئٹہ کا دورہ کیااورزخمیوں کیلئے خون کےعطیات دیئے۔انہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سےزخمیوں کی عیادت کی اوران کی جلدصحت یابی کیلئے دعابھی کی۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹرکےکارکن کےوالدمحمداظہرہاشمی کےانتقال پررابطہ کمیٹی کااظہارافسوس

کراچی۔۔۔27/اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 71 کے کارکن محمدنعمان ہاشمی کے والدمحمداظہرہاشمی کے انتقال پرگہرے رنج وغم اظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں جگہ عطافرمائےاورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

## سعیدوارثی مرحوم کےایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کےزیراہتمام قرآن خوانی کی گئی

لندن27اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعیدوارثی مرحوم کےایصال ثواب کے لئے گذشتہ روز ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے زیراہتمام ایم کیوایم برطانیہ یونٹ آفس واقع ایجویئر میں قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیاجس میں ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش اراکین آرگنائزنگ کمیٹی مختلف یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان اوران کےاہلخانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں سعیدوارثی مرحوم اورتحریک کےشہداء کےایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی،درازی عمراورتحریک کی کامیابی کے لئے دعا کی گئی۔

☆☆☆☆☆